No. of Printed Pages : 8 **BUDLA-135**

# B.A. General (Urdu) CBCS

# (BAG)

## Term-End Examination

## December, 2025

## BUDLA-135 : Study of Modern Urdu Prose and Poetry

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ ہر حصہ کے سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے نمبر درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔ ۱۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

نگاہِ یار جسے آشنائے راز کرے
وہ اپنی خوبیٔ قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے
دلوں کو فکر دو عالم سے کردیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے
امیدوار ہیں ہر سمت عاشقوں کے گروہ
تری نگاہ کو اللہ دلنواز کرے
غم جہاں سے جسے ہو فراغ کی خواہش
وہ ان کے درد محبت سے ساز باز کرے

یا

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

خود جو نہ ہونے کا ہو عدم کیا اسے ہونا کہتے ہیں

نیست نہ ہو تو ہست نہیں یہ ہستی کیا ہستی ہے

عجز گناہ کے دم تک ہیں عصمت کامل کے جلوے

پستی سے تو بلندی ہے راز بلندی پستی ہے

جان سی شئے بک جاتی ہے اک نظر کے بدلے میں

آگے مرضی گاہک کی ان داموں تو سستی ہے

۲۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔ ۱۰

ایک نیک نبیؑ کو جس نے سیکڑوں برس اپنی قوم کے ہاتھ سے مصیبت اٹھائی اور



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

مار پیٹ سہی، تیرا ہی خوبصورت چہرہ تسلّی
دینے والا تھا، وہ پہلا ناخدا جبکہ طوفان کی
موجوں میں بہا جاتا تھا اور بجز مایوسی کے
اور کچھ نظر نہیں آتا تھا تو توہی اس
طوفان میں اس کی کشتی کھینے والی اور
اس کا بیڑا پار لگانے والی تھی تیرے ہی
نام سے جودی پہاڑ کی مبارک چوٹی کو
عزت ہے زیتوں کی ہر ٹہنی کو جو وفادار
کبوتر کی چونچ میں وصل کے پیغام کی
طرح پہونچی۔ جو کچھ برکت ہے، تیری
بدولت ہے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

''اس مصیبت کا علاج بہت سہل تھا، یعنی
مکان کی ازسر نو مرمت کردی جائے اور
تمام گھونسلے بند کردیے جائیں، لیکن
مرمّت بغیر اس کے ممکن نہ تھی کہ
معمار بلائے جائیں اور یہاں باہر کا کوئی
آدمی اندر قدم نہیں رکھ سکتا۔ یہاں
ہمارے آتے ہی پانی کے نل بگڑ گیے،
ایک معمولی مستری کا کام تھا لیکن جب
تک ایک انگریز فوجی انجینئر کمانڈ تک
آخر کا پروانۂ راہداری لے کر نہیں آیا،



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

ان کی مرمت نہ ہوسکی۔ چند دنوں تک تو
میں نے صبر کیا لیکن پھر برداشت نے
صاف صاف جواب دے دیا۔"

۳۔ ابوالکلام آزاد کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

منشی پریم چند کی زندگی کے کوائف بیان کیجیے۔

(حصہ ب)

۴۔ فیض احمد فیضؔ کی شاعری کی خصوصیات سے بحث کیجئے۔ ۱۵



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

علی سردار جعفری کی شاعری پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

۵۔ سرسید کی مضمون نگاری پر اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔ ۱۵

یا

رشید احمد صدیقی کے حالات زندگی اور ان کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(حصہ ج)

۶۔ مجاز لکھنوی کے حالات زندگی کو بیان کرتے ہوئے ان کی نظم نگاری سے بحث کیجیے۔ ۲۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

مولانا الطاف حسین حالؔی کے سوانح کوائف پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۷۔ اردو نثر کے ارتقا کو مفصل بیان کیجیے۔ ۲۰

یا

علامہ اقبال کے حالات زندگی کو قلم بند کرتے ہوئے ان کی شاعری پر اظہار خیال کیجیے۔

×××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com